عینک فریمی

زبان میری ہے بات اُن کی

☆اقبال کی تعلیمات پر عمل کر کے پاکستان کو اعتدال پسند ملک بنایا جا سکتا ہے۔(مشاہد حسین)

● حیرت ہے اٹھاون سال بعد حکمرانوں کو یہ راز معلوم ہوا ہے۔

☆ایران نے ملک میں آنے والے امریکی شہریوں کے فنگر پرنٹ لینے کا فیصلہ کر لیا۔(ایک خبر)

● ایسے کو تیسا!

☆مجلس عمل نے پرویز مشرف کو صدر ماننے سے انکار کر دیا۔(ایک خبر)

● پہلے صدر بنایا۔ اب ماننے سے انکار۔ چہ معنی دارد؟

☆پانچ سال میں ہونے والی ترقی کی رفتار ماضی میں مثال نہیں ملتی۔(خالد مقبول)

یادِ ماضی عذاب ہے یارب!
چھین لے مجھ سے حافظہ میرا

☆قوالی اسلامی ثقافت کی علمبردار ہے۔(ڈی سی او ملتان)

● اسلامی نہیں، ہندوستانی ثقافت کی علمبردار ہے۔

☆صدر نے سو سے زیادہ دانشوروں کو افطار ڈنر دیا۔(ایک خبر)

● منہ کھاوے تے اکھ شرماوے

☆پولیس کی بہترین کارکردگی سے لوگ تحفظ محسوس کر رہے ہیں۔(وزیر داخلہ آفتاب شیرپاؤ)

● نیو ملتان کے تھانیدار نے کانسٹیبل کی روزہ دار بیوی بے آبرو کر دی۔(''خبریں'' ملتان۔۱۱ر نومبر ۲۰۰۴ء)

☆بش نے عملاً صلیبی جنگ کا ثبوت دیا۔(جنرل حمید گل)

● اے کاش! یہ بات مسلم حکمرانوں کی سمجھ میں آ جائے۔

☆علامہ اقبال کا یوم ولادت ۹ر نومبر کو منایا جائے گا۔(ایک خبر)

میری بیوی کو بھی اقبال کے سب اشعار ہیں یاد   گرچہ بھاتے نہیں اس کو کچھ شعر و سخن
میں نے کہا جو شعر تو وہ یوں بولی   ''تو اگر میرا نہیں بنتا نہ بن اپنا تو بن''

☆نوجوانوں کو ملازمتوں کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔(وزیر اعظم شوکت عزیز)

● ایک ملازم تو موقع ہی فراہم کر سکتا ہے۔ ذمہ داری پوری نہیں کر سکتا۔